فوری ریلیز کے لیے: 16/11/2022 گورنر **KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL نے ہیلو فریش کے ساتھ ریاست نیو یارک کی شراکت داری کے ذریعے سابق فوجیوں، سروس ممبران اور ان کے خاندانوں کو ایک ملین کھانوں کی تقسیم کا اعلان کیا***

***COVID-19 کی عالمی وباء کے دوران غذائی عدم تحفظ کا مقابلہ کرنے کے لیے شروع کیا گیا، "ویٹرنز فیڈنگ ویٹرنز" منصوبہ ضرورت مندوں کو تازہ اور صحت مند کھانا فراہم کرنے کے لیے عوامی نجی شراکت داری پر بنایا گیا ہے***

***ہیلو فریش نے 2023 تک اس منصوبے کے لیے مالی امداد جاری رکھنے کا اعلان کیا***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ ریاست نیو یارک ڈویژن برائے سابق فوجیوں کی خدمات اور ہیلو فریش، جو دنیا کی معروف کھانے کی کٹ ڈلیوری کمپنی ہے، کے درمیان شراکت داری کے ذریعے نیو یارک کے سابق فوجیوں، سروس ممبران اور ان کے خاندانوں میں ایک ملین کھانے تقسیم کیے گئے ہیں۔ غذائی عدم تحفظ، جو COVID-19 کی عالمی وباء کے دوران بڑھ گیا تھا، کا مقابلہ کرنے کے لیے شروع کی گئی یہ شراکت داری نورش نیو یارک نامی کامیاب اقدام پر استوار ہے، جو کہ خوراک کے عدم تحفظ کو کم کرنے اور ریاست بھر میں خوراک کے پروڈیوسروں کو سپورٹ کرنے کے لیے ایک کثیر ایجنسی کوشش ہے۔ اس ہی موقعے پر، گورنر Hochul نے اعلان کیا کہ ہیلو فریش نے 2023 تک اس منصوبے کو فنڈ دینے کا عہد کیا ہے تاکہ نیو یارک کے ان شہریوں کے لیے تازہ اور صحت بخش کھانوں تک مسلسل رسائی کو یقینی بنایا جا سکے جنہوں نے خدمت کی اور خدمت جاری رکھے ہوئے ہیں۔

"عالمی وباء کے دوران، نیو یارک کے شہری اس موقعے پر اٹھ کھڑے ہوئے اور پہلے کبھی نہ دیکھے گئے حالات کے دوران، ہمارے سابق فوجیوں اور ان کے خاندانوں سمیت، ہمارے سب سے زیادہ کمزوروں کی مدد کے لیے آگے بڑھے۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم اس مسلسل شراکت داری کے لیے ہیلو فریش کا شکریہ ادا کرتے ہیں، جو غذائی عدم تحفظ سے نمٹنے میں مدد کرتا ہے اور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ جنہوں نے ہماری عظیم ریاست اور قوم کی خدمت کی ہے وہ مستقل بنیادوں پر تازہ اور صحت بخش خوراک تک رسائی حاصل کرنے کے قابل ہوں۔"

"ہم اپنے سابق فوجیوں اور فوجی خاندانوں کے شکر گزار ہیں جس کا حق ہم کبھی پوری طرح ادا نہیں کر سکیں گے،" **لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا۔** "ہیلو فریش کے ساتھ اس شراکت داری کے ذریعے، ہم چھٹیوں کے موسم اور اس کے بعد سابق فوجیوں اور خدمت گزار خاندانوں کو درپیش غذائی عدم تحفظ کو دور کرتے رہیں گے۔ منصوبے کی کامیابی کا جشن منانے اور اس کے اگلے باب کو شروع کرنے کے لیے آج بھوک کے خلاف مہم کے ہیڈ کوارٹر میں دوستوں اور مقامی سابق فوجیوں کے ساتھ شامل ہونا اعزاز کی بات تھی۔"

لیفٹیننٹ گورنر Delgado نے امریکی ہیلو فریش کے CEO Uwe Voss کے ساتھ بھوک کے خلاف مہم کے ہیڈ کوارٹر کے دورے کے دوران منصوبے کی کامیابی کو اجاگر کرنے کے لیے شمولیت اختیار کی۔ آج سے پہلے، سابق فوجی رضاکاروں نے ہیڈ کوارٹر میں کھانے کی 2,000 کٹس پیک کیں جو تھینکس گیونگ کی چھٹی کے لیے سابق فوجیوں اور فوجی خاندانوں کو پہنچائی جائیں گی۔ کٹس میں ٹرکی اور ٹرمنگز کے ساتھ رسیٹ اور میٹھے آلو، کرین بیریز اور دیگر پھل اور سبزیاں؛ پنیر والے چکن سکیلیٹ کٹس؛ اور اسکواش اور بین پاستا کٹس شامل ہیں۔

**ہیلو فریش کے امریکی CEO Voss نے کہا،** "ہمیں سابق فوجیوں اور فوجی خاندانوں کی مدد کرنے پر خاص طور پر فخر ہے - یہ ایک ایسا گروپ ہیں جس نے بے لوث خدمت کی ہے - لیکن ہمیں ادراک ہے کہ غذائی عدم تحفظ کو دور کرنے اور تمام نیو یارک کے باشندوں کے لیے تازہ کھانے کو قابل رسائی بنانے کے لیے ابھی بھی کام کرنا باقی ہے۔ ہم ریاست نیو یارک اور اس کے شراکت داروں، NYC محکمہ برائے سابق فوجیوں کی خدمات، دی کمپین اگینسٹ ہنگر اور سیاہ فام سابق فوجیوں کے ساتھ اپنے شراکت داروں کے شکر گزار ہیں جنہوں نے ہمارے میلز ود میننگ منصوبے کے ذریعے کمیونٹی میں بامعنی اثر ڈالنے میں مدد کی۔"

**ریاست نیو یارک محکمہ برائے سابق فوجیوں کی خدمات کی ڈائریکٹر Viviana DeCohen نے کہا،** "بہت سے لوگوں کے لیے خدمت کا عزم جاری ہے، اور یہ اقدام سابق فوجیوں کی اپنے ساتھی سابق فوجیوں اور فوجی خاندانوں کی خدمت کرنے کی ایک روشن مثال ہے۔ کسی بھی سابق فوجی، سروس ممبر یا فوجی خاندان کو کبھی بھی غذائی عدم تحفظ کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ ہم گورنر Hochul کی قیادت کے لیے ان کی تعریف کرتے ہیں اور ہیلو فریش کو ان کی فراخدلی اور اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے اپنے وسائل استعمال کرنے پر سراہتے ہیں۔ ہم اپنے کمیونٹی شراکت داروں کا بھی شکریہ ادا کرتے ہیں کہ وہ اس منصوبے کو حقیقت کا روپ دینے کے لیے ہفتہ وار کام کرتے ہیں۔"

ہیلو فریش اور ریاست نیو یارک نے جون 2020 میں "ویٹرنز فیڈنگ ویٹرنز" شروع کیا۔ سابق فوجیوں اور فوجی خاندانوں کو عام لوگوں کی نسبت دگنی شرح پر غذائی عدم تحفظ کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور COVID-19 کے دوران یہ اثر اور بھی زیادہ ہو گیا کیونکہ بہت سے لوگ کمزور صحت کی وجہ سے اپنے گھر سے باہر نہیں نکل سکے۔ منصوبے نے نیو یارک شہر، شمالی ملک اور مغربی نیو یارک میں 20 کی دہائی کے اوائل سے لے کر 90 کی دہائی کے وسط تک کے سابق فوجیوں کے لیے وسیلہ حیات فراہم کیا۔

**دفتر برائے عارضی اور معذوری کی معاونت کے کمشنر Daniel W. Tietz نے کہا،** "یہ حکومت، کاروباری اور آواز بلند کرنے والے گروپوں کے درمیان تعاون کی ایک شاندار مثال ہے جو اپنے ملک کے لیے بہت قربانیاں دینے والوں کے درمیان غذائی عدم تحفظ سے لڑتے ہیں۔ ان عطیہ کردہ کھانوں کی بدولت، نیو یارک کے سابق فوجیوں اور فوجی خاندانوں کو صحت مند اور غذائیت سے بھرپور خوراک کے ساتھ ساتھ جشن سے بھرپور تھینکس گیونگ کے لیے درکار ہر چیز ملتی رہے گی۔"

**ریاست نیویارک کے محکمہ برائے زراعت و مارکیٹس کے کمشنر Richard Ball نے کہا،** "اگرچہ ہم اپنے سابق فوجیوں کا قرض کبھی بھی پوری طرح ادا نہیں کر سکتے، لیکن جب وہ سروس سے واپس آجائیں تو ہم ان کی مدد اور سربلندی کے لیے اپنی سکت کے مطابق ہر ممکن کوشش کر سکتے ہیں۔ میں گورنر Hochul اور ہیلو فریش کا شکر گزار ہوں کہ ان کے کام میں غذائی عدم تحفظ کا مقابلہ کیا جا رہا ہے۔ یہ مسلسل شراکت داری اس بات کو یقینی بنانے میں ہمارے مشن کو آگے بڑھانے میں مدد کرے گی کہ نیو یارک کا ہر شہری اپنے دسترخوان پر دستیاب رکھ سکتا ہے، خاص طور پر وہ بہادر مرد اور خواتین جو ہماری آزادیوں کے لیے لڑے۔"

نیو یارک شہر میں ہر ہفتے، سیاہ فام سابق فوجی برائے عوامی انصاف اور بھوک کے خلاف مہم کے رضاکار اور سابق فوجیوں، سروس ممبران اور ان کے خاندانوں کے لیے مفت ہیلو فریش کھانے کی کٹس پیک کرتے اور جمع کرتے ہیں جنہیں غذائی عدم تحفظ کا سامنا ہے۔ کھانے کی کٹس، دی کمپین اگینسٹ ہنگر کے ہیڈ کوارٹر میں پیک کی جاتی ہیں اور نیو یارک شہر محکمہ برائے سابق فوجیوں کی خدمات کی ہفتہ وار تنظیمی مدد سے تقسیم کی جاتی ہیں۔

**سینیٹر Kirsten Gillibrand نے کہا،** "ہمارے سابق فوجیوں اور فوجی خاندانوں میں غذائی عدم تحفظ ایک اخلاقی اور قومی غم و غصہ کا سبب ہے اور ہمیں اس سے بہتر کا مطالبہ کرنا چاہیے۔ جنہوں نے خدمت کی انہوں نے ہماری قوم کے لیے ناقابل یقین قربانیاں دی ہیں، اور ہماری اخلاقی ذمہ داری ہے کہ جب وہ مشکل وقت سے گزر رہے ہوں تو ان کا خیال رکھیں۔ اس بات کو یقینی بنانا کہ سابق فوجیوں اور فوجی خاندانوں کو معیاری خوراک تک رسائی حاصل ہو اس اخلاقی ذمہ داری کا انتہائی لازمی جزو ہے، کہ ہماری حاضر خدمت فورسز کے جذبے کو بلند رکھا جائے اور

اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ آئندہ ممکنہ طور پر بھرتی ہونے والے افراد، فوج کو ایک قابل قدر پیشے کے طور پر دیکھیں۔ اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے ویٹرنز فیڈنگ ویٹرنز اقدام جیسی شراکتیں بہت اہم ہیں اور میں ہیلوفریش کا ان کے تعاون اور نیو یارک بھر میں ہمارے سابق فوجیوں اور فوجی خاندانوں کو کھانا کھلانے کی کوششوں پر شکریہ ادا کرنا چاہتی ہوں۔"

**ریاستی سینیٹر Roxanne J. Persaud نے کہا،** "آج، اپنے سابق فوجیوں کے دن پر اپنے سابق فوجیوں کو اعزاز دینے اور ان کی یاد منانے کے صرف چند دن بعد، ہم ریاست نیو یارک کے ویٹرنز فیڈنگ ویٹرنز اقدام کے دس لاکھویں کھانے کی تقسیم کا جشن منا رہے ہیں۔ ریاستی ڈویژن برائے سابق فوجیوں کی خدمات، نیو یارک شہر محکمہ برائے سابق فوجیوں کی خدمات اور ہیلو فریش کے درمیان کھانا فراہم کرنے میں شراکت کی ہمارے ملک کی خدمت کرنے والوں کے وقار کو بحال کرنے میں بہت بڑی خدمت ہے۔ یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم اس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی بھی سابق فوجی کھانے کے بغیر نہ رہے اور میں اس شراکت کو سراہتی ہوں۔ ہم اپنے سابق فوجیوں کے لیے معاون خدمات فراہم کرنے کے لیے کام جاری رکھیں گے۔

**نیو یارک سٹی محکمہ برائے سابق فوجیوں کی خدمات کے کمشنر James Hendon نے کہا،** "ہم سابق فوجیوں کی خدمات کے محکمے میں کھانے کے اس دس لاکھویں کھانے کے سنگ میل سے خود میں عاجز محسوس کر رہے ہیں۔ یہ مزید ثبوت ہے کہ جب ہم ایک کمیونٹی کے طور پر مل کر کام کرتے ہیں، تو ہم اپنے سابق فوجیوں اور ان کے خاندانوں کے لیے غذائی عدم تحفظ سے نمٹنے کے لیے اقدامات اور شراکتیں قائم کر سکتے ہیں۔"

**بھوک کے خلاف مہم کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور بانی Dr. Melony Samuels نے کہا،** "ہم ہیلو فریش کے دس لاکھویں کھانے کا سنگ میل منا رہے ہیں! ہیلو فریش، ریاست نیو یارک اور نیو یارک شہر کے ساتھ بھوک کے خلاف مہم نے ہمارے سابق فوجیوں میں غذائی عدم تحفظ کی رفتار کو تبدیل کر دیا ہے۔ ہمارے سابق فوجیوں نے ہمارے ملک کی خدمت کی ہے اور یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم ان کو اچھا بدلہ دیں اور ان کی غذائی عدم تحفظ کی ضروریات کو پورا کریں۔ مل کر کام کرتے ہوئے ہم تبدیلی پر اثر انداز ہو رہے ہیں۔ ہر ہفتے، یہ سابق فوجی بھوک کے خلاف مہم میں رضاکارانہ طور پر کام کرتے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ان کے ساتھی سابق فوجیوں اور خاندانوں کو صحت مند غذائیت سے بھرپور کھانا ملے۔ نیو یارک شہر میں سب سے مضبوط اور سب سے زیادہ اثر انگیز اینٹی ہنگر چیمپئنز میں سے ایک کے طور پر، TCAH کو ہمارے سابق فوجیوں کی خدمت کرنے کا اعزاز حاصل ہے۔"

**سیاہ فام سابق فوجی برائے عوامی انصاف کی CEO Wendy McClinton نے کہا،** "یہ کھانے سابق فوجیوں، ان کے خاندانوں اور کمیونٹی کے لیے ضروری تھے۔ سابق فوجیوں اور ان کے خاندانوں کو اس سے فائدہ ہوتا ہے کیونکہ بہت سے سابق فوجی ایک مقررہ آمدنی پر ہیں جو غربت کی سطح سے نیچے یا اس کے قریب ہیں، خاص طور پر وہ لوگ جن کے خاندان ان کے ساتھ ہیں۔ یہ کھانے نہ صرف خاندان کے اخراجات کو بچاتے ہیں بلکہ انہیں صحت مند کھانا خریدنے کی اجازت دیتے ہیں اور انہیں ایک ساتھ کھانا تیار کرکے اور بیٹھ کر ایک خاندان کے طور پر گھر کے پکے ہوئے کھانے سے لطف اندوز ہونے کی اجازت دیتے ہیں۔ شراکت دار تنظیموں کی طرف سے کھانے کی تیاری نے بہت سے سابق فوجیوں کو زراعت، پیداوار کیسے اگائی جاتی ہے اور تقسیم کرنے کے بارے میں روشناس کرایا۔ بہت سے سابق فوجی اب پڑوس کے باغات میں دماغی صحت کے علاج کے طریقہ کار کے طور پر مشغول ہو رہے ہیں جس کے براہ راست نتیجے کے طور پر یہ سمجھ پا رہے ہیں کہ غذائی عدم تحفظ بہت سے امریکیوں، خاص طور پر سابق فوجیوں کو کس طرح متاثر کرتا ہے۔"

**ڈویژن برائے سابق فوجیوں کی خدمات کے بارے میں**

ریاست نیو یارک کا ڈویژن برائے سابق فوجیوں کی خدمات جو 1945 سے سابق فوجیوں، سروس ممبران، اور فوجی خاندانوں کے لیے ریاست کی جانب خدمات انجام دے رہا ہے، اس کا پوری ایجنسی پر محیط عزم مصمم ہے کہ تمام سابق فوجیوں، سروس ممبران اور فوجی خاندانوں کی خدمت وسیع تر عملی جگہوں پر کی جائے جن میں امریکی محکمہ برائے سابق فوجیوں کی جانب سے دعوے اور اپیلیں، امریکی محکمہ دفاع کو دی جانے والی ڈسچارج اپ گریڈ اپیلیں اور ریاست نیو یارک کی مراعات کے لیے دعوے شامل ہیں۔ سابق فوجیوں، سروس ممبران اور فوجی خاندانوں سے گزارش ہے کہ وہ ڈویژن سے 888-838-7697 پر یا ان کی ویب سائٹ پر — بالمشافہ یا ورچوئل طریقے سے

— کسی تسلیم شدہ سابق فوجیوں کی مراعات کے مشیر کے ساتھ رابطہ کریں تاکہ ان کی ضروریات پوری کی جا سکیں اور ان مراعات کا مکمل تخمینہ لگایا جا سکے جن کے وہ حقدار ہیں۔ DVS کو
Instagram، Facebook اور Twitter پر فالو کریں۔

**ہیلو فریش کے بارے میں**
ہیلو فریش دنیا کی معروف کھانے کی کٹ کمپنی ہے اور 18 بین الاقوامی مارکیٹوں میں کام کرتی ہے۔ 2021 میں، ہیلو فریش نے امریکہ بھر کے صارفین کو 450 ملین سے زیادہ کھانے فراہم کیے۔ اس کی توجہ امریکیوں کو زیادہ پائیدار طریقے سے کھانے میں مدد کرنے پر مرکوز ہے، ہیلوفریش پہلی کاربن نیوٹرل میل کٹ کمپنی ہے۔ ہیلو فریش کو 2020 میں کھانے کی کٹس کے لیے امریکہ کی بہترین کسٹمر خدمت نامزد کیا گیا تھا اور نیوز ویک کے ذریعہ 2021 اور 2022 میں امریکہ میں سب سے قابل اعتماد کھانے کی کٹ ڈیلیوری سروس کا ووٹ دیا گیا تھا۔ ہیلو فریش کی بنیاد برلن میں نومبر 2011 میں رکھی گئی تھی اور امریکہ میں اس کے نیو یارک، شکاگو اور بولڈر میں دفاتر ہیں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418